36948 ـ ايسى كوئي دعاءنہيں جوخصوصا مقام ابراهيم پرمانگى جاتى ہو

سوال

كيا كوئي ايسى معين دعاء ہے جسےميں مقام ابرهيم پر مانگوں ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں :

بعض حجاج كرام اور عمره كرنے والے حضرات مقام ابراهيم كےپاس كھڑے ہوكرايسي دعاء مانگتے ہيں جوكہ نبي كريم صلى اللہ عليہ وسلم سے ثابت نہيں ، اوركبھي تو بلند آواز سے دعاء مانگ كر مقام ابراهيم كے پيچھے طواف كي نماز پڑھنے والوں كوتكليف ديتے ہيں .

مقام ابراهيم كے ليے كوئي دعاء نہيں بلكہ سنت تويہ ہے كہ مقام ابراهيم پر ہلكي پھلكي نماز ادا كرے اور سلام پھيرتے ہي وہاں سے چل دے تاكہ وہ جگہ كسي دوسرے نماز ادا كرنے والے كے لئے چھوڑ دے كيونكہ وہ اس كا زيادہ حق دار ہے . اھـ.